www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

**MAY - 05316/III—C**

# URDU

## Paper III

**Time Allowed : 2½ Hours]** **[Maximum Marks : 150**

**Note :** This Paper contains **Seventy Five (75)** multiple choice questions, each question carrying **Two (2)** marks. Attempt *All* questions.

---

1. کس شاعر نے مردمومن، کا ایک مخصوص تصور پیش کیا ہے؟

(A) علامہ اقبال

(B) اختر الایمان

(C) جمیل مظہری

(D) سرور جہان آبادی

2. شاعری کے لئے کس نے سادگی، اصلیت اور جوش کو لازمی قرار دیا ہے؟

(A) حالؔی

(B) شبلؔی

(C) عبدالحق

(D) امداد امام اثر

3. ''قافیہ فی نفسہ شعر کے لئے ضروری نہیں ہے۔'' یہ قول کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) موازنۂ انیسؔ و دبیرؔ

(B) مقدمہ شعروشاعری

(C) آبِ حیات

(D) کاشف الحقائق

P.T.O

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



4. خوجی کا کردار کس نے تخلیق کیا ہے؟

(A) رتن ناتھ سرشار

(B) عبدالحلیم شرر

(C) رجب علی بیگ سرور

(D) پریم چند

5. علامہ اقبال کی ابتدائی ذہنی تشکیل میں کس کا اہم کردار رہا؟

(A) علی حسن

(B) محمد حسن

(C) میر حسن

(D) میر حسین

6. ولی پہلی بار دہلی کب پہنچے؟

(A) 1700ء

(B) 1701ء

(C) 1704ء

(D) 1709ء

7. کس ادبی تحریک یا رجحان پر وجودیت کے زیادہ اثرات ہیں؟

(A) ترقی پسندی

(B) رومانیت

(C) جدیدیت

(D) کلاسیکیت

8. ذیل میں کون سی نظم محمد حسین آزاد کی ہے؟

(A) چپ کی داد

(B) مناظرۂ رحم انصاف

(C) موسم زمستان

(D) مناجات بیوہ

www.prepp.in



9. گؤدان کا کون سا کردار دیہات سے شہر کی جانب منتقل ہوتا ہے؟

(A) ہوری

(B) بھولا

(C) گوبر

(D) ڈاکٹر مہتا

10. ذیل میں سے وہ کون سا شعری مجموعہ ہے جس پر ساہتیہ اکاڈمی نے مخدومؔ کو ایوارڈ دیا؟

(A) سُرخ سویرا

(B) گُلِ تر

(C) بساطِ رقص

(D) دستِ تہہ سنگ

11. ذیل میں سے کون سی کتاب شمس الرحمٰن فاروقی کی نہیں ہے؟

(A) لفظ و معنیٰ

(B) تنقیدی افکار

(C) مسرت سے بصیرت تک

(D) شعر، غیر شعر اور نثر

12. آمد کس صنف شاعری کا جُزو ہے؟

(A) غزل

(B) مثنوی

(C) قصیدہ

(D) مرثیہ

13. ذیل میں اردو قواعد کے لحاظ سے کون سی ترتیب درست ہے؟

(A) فاعل، فعل، مفعول

(B) فاعل، مفعول، فعل

(C) مفعول، فاعل، فعل

(D) فعل، فاعل، مفعول

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



14. مُلّا وجہی نے مثنوی ''قطب مشتری'' میں 'در شرح شعر گوید' کے تحت جو اشعار کہے ہیں ان سے کس چیز کا اظہار ہوتا ہے؟

(A) دکنی زبان کا وافر استعمال

(B) تنقیدی خیالات

(C) عشقیہ جذبات

(D) صوفیانہ خیالات

15. 'ارہر کا کھیت' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) پطرس بخاری

(C) کنہیا لال کپور

(D) فرحت اللہ بیگ

16. قطب مشتری کا سنِ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1015ء

(B) 1017ء

(C) 1018ء

(D) 1020ء

17. اردو میں کس تحریک یا رجحان کے زیرِ اثر مارکسی تنقید کو فروغ حاصل ہوا؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) حلقۂ اربابِ ذوق

(C) ترقی پسند تحریک

(D) جدیدیت

18. مرزا واجد حسین یگانہ چنگیزی کا دوسرا تخلص کیا ہے؟

(A) واجد

(B) یاس

(C) حسرت

(D) یکساں

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



19. اندو کا کردار بیدؔی کے کس افسانے میں ہے؟

(A) اپنے دکھ مجھے دے دو

(B) من کی من میں

(C) پان شاپ

(D) بھولا

20. شمشیر بکف دیکھ کے حیدر کے پسر کو

جبریل لرزتے ہیں سمیٹے ہوئے پر کو

یہ شعر کس کے مرثیے کا ہے؟

(A) انیسؔ

(B) دبیرؔ

(C) خلیقؔ

(D) ضمیرؔ

21. ذیل میں کون ترقی پسند تحریک سے وابستہ نہیں ہے؟

(A) جذبیؔ

(B) مخدومؔ

(C) فیضؔ

(D) اختر الایمان

22. ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں

ہم نہیں تو ابھی راہ میں ہے سنگ گراں اور

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) غالبؔ

(B) مومنؔ

(C) بہادر شاہ ظفر

(D) ذوقؔ

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



.23 ان میں سے کون سا عنصر تحقیق کے طریقہء کار میں شامل نہیں ہے؟

(A) موضوع کا انتخاب

(B) خاکہ کی تشکیل

(C) مواد کی دستیابی

(D) قیاس آرائی

.24 ان میں خواجہ میر دردؔ کا معاصر کون ہے؟

(A) حاتمؔ

(B) آبرو

(C) ناجیؔ

(D) سوداؔ

.25 جسے عشق کا تیر کاری لگے

اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے

یہ کس کا شعر ہے؟

(A) ولیؔ

(B) قلیؔ قطب شاہ

(C) وجہیؔ

(D) ابنِ نشاطیؔ

.26 لندن کے نان کنگ ریسٹورنٹ میں کس تحریک کا خاکہ تیار کیا گیا؟

(A) رومانی تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) لسانی تحریک

(D) جدیدیت کی تحریک

www.prepp.in



27. 'گلشنِ عشق' کی ہیروئن 'مدماتی' کس دیس کے راجہ کی بیٹی تھی؟

(A) روپ نگر کے راجہ سورج مل

(B) راج نگر کے راجہ رام راج

(C) مہارس نگر کے راجہ دھرم راج

(D) کلیان نگر کے راجہ دیپک سنگھ

28. داستان کی سب سے مقبول تکنیک کون سی ہے؟

(A) قصہ در قصہ

(B) راست بیانی

(C) فلیش بیک

(D) کردار اساس

29. اقبالؔ کی کس نظم میں ڈرامائی عناصر پائے جاتے ہیں؟

(A) ذوق وشوق

(B) جبریل وابلیس

(C) جاوید کے نام

(D) نیا شوالہ

30. منگو کوچوان منٹو کے کس افسانہ کا کردار ہے؟

(A) سیاہ حاشیے

(B) کالی شلوار

(C) نیا قانون

(D) سرکنڈوں کے پیچھے

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



.31 نظیر اکبر آبادی کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

(A) اکبر آباد

(B) دہلی

(C) لکھنؤ

(D) رام پور

.32 ''اُردو کا ہیولیٰ وادیٔ سندھ میں تیار ہوا۔'' یہ کس کا قول ہے؟

(A) شوکت سبزواری

(B) سید سلیمان ندوی

(C) سُنیتی کمار چٹر جی

(D) عبدالقادر سروری

.33 ذیل میں رزمیہ مثنوی کون سی ہے؟

(A) قطب مشتری

(B) پھول بن

(C) علی نامہ

(D) گلشنِ عشق

.34 مقالہ 'زیب النساء' کس نے لکھا ہے؟

(A) سرسید

(B) حاؔلی

(C) شبؔلی

(D) آزاؔد

.35 جوشؔ ملیح آبادی کی خودنوشت کا نام کیا ہے؟

(A) اپنی تلاش میں

(B) یادوں کی برات

(C) اعمال نامہ

(D) اس آباد خرابے میں

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



.36 زمانی اعتبار سے محققین کی صحیح ترتیب دیجئے:

(A) محمود شیرانی، قاضی عبدالودود، مسعود حسین خاں، رشید حسن خاں

(B) قاضی عبدالودود، مسعود حسین خاں، محمود شیرانی، رشید حسن خاں

(C) مسعود حسین خاں، محمود شیرانی، قاضی عبدالودود، رشید حسن خاں

(D) رشید حسن خاں، مسعود حسین خاں، محمود شیرانی، قاضی عبدالودود

.37 صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(A) گریز، دعا، مدح، تشبیب

(B) مدح، تشبیب، گریز، دعا

(C) تشبیب، گریز، مدح، دعا

(D) دعا، مدح، گریز، تشبیب

.38 تزکیہ اور تطہیر (Catharsis) کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) ارسطو

(B) افلاطون

(C) سقراط

(D) گوئٹے

.39 آلام روزگار کو آساں بنا دیا
اس کا مصرعہ ثانی کیا ہے؟

(A) جو غم ہوا اُسے غم جاناں بنا دیا

(B) جو غم ہوا اُسے غم دوراں بنا دیا

(C) جو غم ہوا اُسے غم انسان بنا دیا

(D) جو غم ہوا اُسے غم مرداں بنا دیا

.40 شاد عظیم آبادی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سید احمد علی

(B) سید محمد علی

(C) سید علی محمد

(D) سید علی احمد

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide



41. ’زعفران کے پھول‘ کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) غیاث احمد گدّی

(B) انور خاں

(C) خواجہ احمد عباس

(D) حیات اللہ انصاری

42. سرسید کی تالیف ’جام جم‘ کا موضوع کیا ہے؟

(A) امیر تیمور سے بہادر شاہ ظفر تک کے بادشاہوں کے حالات

(B) ایران کے بادشاہوں کے حالات

(C) اہلیان کمپنی سرکار کے حالات

(D) فارسی شعراء کے حالات

43. فیضؔ کی نظم ’’چند روز اور مری جان فقط چند ہی روز‘‘ یہ کس نوعیت کی ہے؟

(A) معاشی

(B) سیاسی

(C) سماجی

(D) اصلاحی

44. اردو کی پہلی باضابطہ ادبی تحریک کون سی ہے؟

(A) لسانی تحریک

(B) علی گڑھ تحریک

(C) رومانی تحریک

(D) ترقی پسند تحریک

45. کس فکشن نگار کے فکری تناظرات بہت پھیلے ہوئے ہیں؟

(A) راجندر سنگھ بیدی

(B) عزیز احمد

(C) سعادت حسن منٹو

(D) قرۃ العین حیدر

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide



46. ’خطباتِ احمدیہ‘ میں کتنے خطبات ہیں؟
(A) چودہ
(B) بارہ
(C) پندرہ
(D) بیس

47. ذیل میں اقبالؔ کی طویل نظم کون سی ہے؟
(A) ہلال عید
(B) حقیقت حسن
(C) ترانہء ہندی
(D) خضرِ راہ

48. ان میں سے کون سی داستان تمثیلی پیرایہ میں لکھی گئی ہے؟
(A) داستان طلسم ہوش رُبا
(B) سب رَس
(C) فسانہء عجائب
(D) باغ و بہار

49. ساون میں دیا پھر مہ شوال دکھائی
برسات میں عید آئی قدح کش کی بن آئی
یہ کس کے قصیدہ کا شعر ہے؟
(A) سوداؔ
(B) محسن کاکورویؔ
(C) ذوقؔ
(D) غالبؔ

50. آگ کا دریا کتنے زمانوں پر محیط ہے؟
(A) تین
(B) دو
(C) چار
(D) پانچ

51. بہمنی دَور کی مشہور مثنوی کون سی ہے؟
(A) پھول بن
(B) علی نامہ
(C) کدم راوٗ پدم راوٗ
(D) سیف الملوک اور بدیع الجمال



Prepp Your Personal Exam Guide

52. مرزا ہادی رسوا کا مقبول ترین ناول کون سا ہے؟

(A) ذات شریف

(B) شریف زادہ

(C) امراؤ جان ادا

(D) افشائے راز

53. زمانی لحاظ سے کون سی ترتیب صحیح ہے؟

(A) اقبالؔ، اکبر آبادی، چکبستؔ، نظم طباطبائی

(B) اکبر الہ آبادی، نظم طباطبائی، اقبالؔ، چکبستؔ

(C) نظم طباطبائی، اقبالؔ، اکبر الہ آبادی، چکبستؔ

(D) چکبستؔ، نظم طباطبائی، اقبالؔ، اکبر الہ آبادی

54. ابن رشیق کی کتاب ''العمدہ' سے کس نقاد نے استفادہ کیا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق

(B) مولوی عبدالحئ

(C) الطاف حسین حالیؔ

(D) امداد امام اثر

55. گرد غباریاں کا خلعت ہے اپنے تن کو
مر کر بھی چاہتے ہیں خاک وطن کفن کو

درج بالا شعر چکبستؔ کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) خاکِ ہند

(B) رامائن کا ایک سین

(C) پھول مالا

(D) حُبّ وطن

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



56. کون سا ڈراما امتیاز علی تاج کا نہیں ہے؟

(A) انارکلی

(B) پردۂ غفلت

(C) گونگی جورو

(D) کمرہ نمبر ۵

57. ہمتِ مردانہ اور جرأت رندانہ کا شاعر کون ہے؟

(A) میرؔ

(B) ناسخؔ

(C) غالبؔ

(D) آتشؔ

58. ہم ہیں متاع کوچہ و بازار کی طرح
اُٹھتی ہے ہر نگاہ خریدار کی طرح
اس شعر میں علم بلاغت کا کون سا وصف موجود ہے؟

(A) مناسبت لفظی

(B) تشبیہہ

(C) مجاز مرسل

(D) تلمیح

59. سحرالبیان کا سب سے فعال کردار کون ہے؟

(A) بدرالنساء

(B) نجم النساء

(C) مہرالنساء

(D) قمرالنساء

60. ذیل میں سے کون فانیؔ کا ہم عصر نہیں ہے؟

(A) خلیل الرحمٰن اعظمی

(B) حسرتؔ موہانی

(C) شادؔ عظیم آبادی

(D) اصغرؔ گونڈوی

Prepp Your Personal Exam Guide

www.prepp.in



.61 مدن بان کس داستان کا کردار ہے؟

(A) رانی کیتکی کی کہانی

(B) قصہ مہرافروز ودلبر

(C) باغ و بہار

(D) فسانہء اعجائب

.62 اس مست نیم خواب کی آنکھوں کوں دیکھ کر

مجلس میں غم کی شوق میں گرداں ہواہوں میں

یہ شعرکس کا ہے؟

(A) نصرتی

(B) حسن شوقی

(C) سراج ارنگ آبادی

(D) ولی

.63 مولانا ابوالکلام آزاد کے مجموعہء خطوط کا نام کیا ہے؟

(A) غبارِ خاطر

(B) زیرِ لب

(C) صحیفہء محبت

(D) خاموش آواز

.64 اِن میں نواب مرزا شوق لکھنوی کی مثنوی کون سی ہے؟

(A) دہرِ عشق

(B) مہرِ عشق

(C) زہرِ عشق

(D) فکرِ عشق

.65 ان میں مارکسی تنقید کے علم بردار کون ہیں؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی

(B) وارث علوی

(C) سید احتشام حسین

(D) آل احمد سرور

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



66. محمد حسین کا کون سا ڈراما ایمرجنسی پر مبنی ہے؟

(A) ضحاک

(B) مور پنکھی

(C) کہرے کا چاند

(D) محل سرا

67. میری نوائے شوق سے شور حریم ذات میں
غلغلہ ہائے الاماں بت کدۂ صفات میں
یہ شعر اقبال کے کس مجموعہ کلام میں ہے؟

(A) بانگ درا

(B) بالِ جبریل

(C) ارمغان حجاز

(D) ضرب کلیم

68. 'اِندر سبھا' کا سالِ تصنیف کیا ہے؟

(A) 1850ء

(B) 1852ء

(C) 1854ء

(D) 1855ء

69. نظم کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

(A) انتشار خیال

(B) تسلسل خیال

(C) ابتذال خیال

(D) اختصار خیال

70. انگریزی نقاد آئی. اے. رچرڈس نے کس نوع کی تنقید پیش کی ہے؟

(A) سماجی تنقید

(B) نفسیاتی تنقید

(C) اسلوبیاتی تنقید

(D) عملی تنقید

71. انیسؔ اور دبیرؔ نے کس ہئیت میں مرثیے لکھے؟

(A) مربع

(B) مثلث

(C) مسدس

(D) مسمط

72. ذیل میں غالبؔ کو کون سا خطاب ملا تھا؟

(A) نجم الدولہ امیر الملک

(B) نجم الدولہ دبیر الملک

(C) صمصام الدولہ ضمیر الملک

(D) اعتماد الدولہ کبیر الملک

73. دکنی زبان نے کس مقامی زبان کے اثرات قبول کیے؟

(A) تمل

(B) گجری

(C) کوکنی

(D) کنڑی

74. قصیدے کا وہ کون سا جُز ہے جو غزل کی صورت میں رونما ہوا؟

(A) گریز

(B) تشبیب

(C) مدح

(D) دعاء

75. غالبؔ کی حیات میں خطوطِ غالبؔ کس نام سے شائع ہوئے؟

(A) عودِ ہندی

(B) اردوئے معلّٰی

(C) مکاتیبِ غالبؔ

(D) خطوطِ غالبؔ

www.prepp.in



**ROUGH WORK**

www.prepp.in



**ROUGH WORK**